
# ڈی پی ایس اینڈ کالج دیپال پور

## ای۔لرننگ پروجیکٹ

## چھٹیوں کاکام/ ٹیوٹوریل لنکس/جائزہ /سرگرمیاں

**سیشن ۲۰۲۰ءتا۲۰۲۱ء**

اسلامیات **جماعت: پنجم**



**نام طالبعلم/طالبہ:** -----------

**سیکشن:** -----------

**رول نمبر:** -----------

**تاریخ:** ۴ ۔اگست۲۰۲۰

دن: منگل

ٹیوٹر لنک https://www.youtube.com/watch?v=OlYIViVsaY4

**سبق: ( میثاق مدینہ)**

**تدریسی مقاصد:** طلبہ کو میثاق مدینہ کی اہمیت کے بارے میں تفصیل سے معلومات دینا۔
میثاق مدینہ کی شرائط سے متعلق آگاہ کرنا۔

**مفہوم:** رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو اس وقت مدینہ منورہ میں مختلف قبائل آباد تھے ان میں مہاجرین و انصار یہودی اور دیگر قبائل شامل تھے۔ مدینہ منورہ میں یہود کے تین قبائل بنو قینقاع ، بنو نضیر ، بنو قریظہ تھے، جب کہ زمانہ جاہلیت میں انصار کے قبیلے اوس اور خزرج آپس میں لڑتے رہتے تھے جس سے یہ کمزور ہوگئے تھے۔ ان کے مقابلے میں یہود طاقتور اور مالی طور پر خوشحال تھے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے امن و امان برقرار رکھنے کے لیے مدینہ منورہ کے تمام قبائل کو جمع کیا ۔ باہمی رضامندی سے یہود، مسلمانوں اور دیگر قبائل میں ایک معاہدہ طے پایا جس سے میثاق مدینہ کہا جاتا ہے۔

اس معاہدے کی وجہ سے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ کی ریاست کے سربراہ بن گئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف قبائل اور مذاہب کے لوگوں کو ایک جھنڈے تلے جمع کیا۔

**پڑھائی کیجئے: صفحہ نمبر 35، 36 ,**

**الفاظ۔**

**معانی**

| | |
|---|---|
| قبائل | ایک داد کی اولاد |
| منشور | قانون |
| میثاق۔ | قول و قرار، معاہدہ |
| حرم۔ | خانہ کعبہ کی چار دیواری |
| باہمی اختلاف | آپس کا جھگڑا |
| مظلوم | جس پر ظلم ہوا ہو |
| حلیف | ساتھی |

دستخط والدین: ________________

تاریخ: ۵-اگست۲۰۲۰ دن: بدھ

ٹیوٹر لنک:https://youtu.be/gCCrL5CTQCM

## سبق: میثاق مدینہ (مشق)

**مختصر جواب دیں:**

**ا: مدینہ منورہ میں یہودیوں کے کتنے قبائل آباد تھے۔**

جواب: مدینہ منورہ میں یہود کے تین قبائل آباد تھے۔

جواب:

---

**ب: انصار کے قبائل کون سے تھے؟**

جواب: اوس اور خزرج انصار کے قبیلے تھے۔

جواب:

---

**ج: میثاق مدینہ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے امن و امان برقرار رکھنے کے لیے مدینہ منورہ کے تمام قبائل کو جمع کیاباہمی رضا مندی سے یہود مسلمانوں اور دیگر قبائل میں ایک معاہدہ طے پایا جسےمیثاق مدینہ کہا جاتا ہے۔

جواب:

---

---

**د: میثاق مدینہ کی چار شرائط تحریر کریں۔**

جواب: 1:مدینہ منورہ کے تمام قبائل امن وامان سے رہیں گے اور امن کے قیام میں سب لوگ برابر کے شریک ہوں گے۔

2:کسی بیرونی دشمن کے حملے کی صورت میں سب مل کر دشمن کا مقابلہ کریں گے۔

3:معاہدے کے فریق آپس میں خیر خواہی اور بھلائی کا برتاؤ کریں گے۔

4:مظلوم کی مدد کی جائے گی۔

جواب:

---

---

---

**ہ: میثاق مدینہ کی اہمیت بیان کریں ۔**

جواب: اس معاہدے کی وجہ سے رسول صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ کی ریاست کے سربراہ بن گئے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف قبائل اور مذاہب کے لوگوں کو ایک جھنڈے تلے جمع کیا میثاق مدینہ کی رو سے مدینہ منورہ کو مقدس شہر قرار دیا گیا جس سے ہر قسم کا فتنہ فساد ختم ہوگیامیثاق مدینہ انسانی تاریخ میں مذہبی رواداری کی شاندار مثال ہے۔

جواب:

---

تاریخ:۶-اگست۲۰۲۰ دن:جمعرات

**درست جواب پر( ) نشان لگائیں:**

**ا: میثاق مدینہ کن کے درمیان طے پایا؟**

ا: مسلمانوں عیسا ئیوں اور دیگر قبائل ب: یہودیوں منافقوں اور دیگر قبائل

ج: مسلمانوں یہودیوں اور دیگر قبائل د: عیسائیوں مہاجروں اور دیگر قبائل

**ب: میثاق مدینہ میں کسے مقدس شہر تسلیم کیا گیا؟**

ا: مکہ مکرمہ کو ب: مدینہ منورہ کو ج: جدہ کو د: طائف کو

**ج: کا مدینہ منورہ میں یہود کے کتنے قبیلے تھے؟**

ا: دو ب: تین ج: چار د: پانچ

**د: میثاق مدینہ میں مختلف قبائل اور مذاہب کے لوگوں کو ایک جھنڈے تلے کس نے جمع کیا؟**

ا: رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ب: یہودیوں نے ج: مہاجرین نے

**ہ: مدینہ منورہ میں قبیلے آپس میں لڑتے رہتے تھے۔**

ا: یہودیوں کے ب: انصار کے ج: مہاجرین کے د: منافقین کے

**خالی جگہ پر کریں :**

قریش مکہ، فریق، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ، مدینہ منورہ ، مذہبی

ا: معاہدے کے فر یقین میں سے کوئی بھی____________ کو پناہ نہیں دےگا۔

ب: ہر فریق کو__________ آزادی حاصل ہو گی۔

ج: جنگ کی صورت میں سب ___________ مل کر اخراجات مشترکہ طور پر برداشت کریں گے۔

د: میثاق مدینہ میں_____________ کومد نیہ کی ریاست کا سربراہ تسلیم کیا گیا۔

ہ: میثاق مدینہ کی رو سے ___________ کا دفاع اور مظبوط ہوگیا۔

**کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔**

کالم الف۔

کالم ب

ا: کسی بیرونی دشمن کے حملہ کی صورت میں
اور اس میں فساد برپا نہ کریں۔

ب:معا ہدہ کے فر یق مدینہ منورہ کو حرم تسلیم کر یں گے
کوئی بھی قریش مکہ کو پناہ نہیں دے گا۔

ج: معاہدہ کے فر یق میں سے
سب مل کر دشمن کا مقابلہ کریں گے۔

د: اس معاہدے کی وجہ سے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بڑی سیاسی کامیابی

ہ: یہود کی تائید و حمایت حاصل کرنا مدینہ
کی ریاست کے سربراہ بن گئے۔

دستخط والدین: ________________

تاریخ:۱۱ -اگست۲۰۲۰ دن:
منگل

**سبق: میثاق مدینہ: ( جا ئزہ )**

**مختصر جواب دیں :**

**ا: مدینہ منورہ میں یہودیوں کے کتنے قبائل آباد تھے؟**

جواب:

______________________________________________

______________________________________________

**ب: میثاق مدینہ کی چار شرائط تحریر کریں :**

جواب:

______________________________________________

______________________________________________

ج: انصار کے قبائل کون سے تھے۔

جواب:

______________________________________________

______________________________________________

**خالی جگہ پر کریں :**

ا: معاہدے کے فریقین میں سے کوئی بھی ______________ کو پناہ نہیں دے گا۔

ب: ہر فریق کو ______________ آزادی حاصل ہو گی۔

ج: میثاق میں __________________کو مدینہ کی ریاست کا سربراہ تسلیم کیا گیا۔

د: میثاق مدینہ کی روسے ______________ کا دفاع اور مظبوط ہو گیا۔

دستخط والدین: ________________

تاریخ:۱۲-اگست۲۰۲۰ دن: بدھ

ٹیوٹر لنک:https://youtu.be/vN073eyZG1Q

**سبق : ( غزوہ بدر)**

**تدریسی مقاصد:** طلبہ کو حق و باطل کے فرق سے آگاہ کرنا انبیاء کرام علیہ السلام کی زندگی سے متعلق باطل کے واقعات سنانا۔

**مفہوم:** مسلمان کفار مکہ کے مظالم سے تنگ آکر ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں امن و سکون کی زندگی بسر کرنے لگے کفار مکہ کو یہ بات گوارا نہ تھی کہ مسلمان امن سے رہیں لہذا انہوں نے مسلمانوں کو تنگ کرنے کے لیے مختلف سازشوں سے کام لیا اسی دوران اللہ تعالی نے مسلمانوں کو جہاد کی اجازت دے دی اور 17 رمضان المبارک دو ہجری کو بدر کا معرکہ مقام بدر میں پیش آیا تو کفار مکہ اسلام کے سب سے بڑے دشمن تھے۔ انہوں نے مسلمانوں کو ظلم و ستم کا نشانہ بنایا غزوہ بدر حق و باطل کا معرکہ تھا جس میں حق کو کامیابی ملی اور با طل ناکام ہوا غزوہ بدر میں کامیابی کے بعد اسلام تیزی سے پھیلنے غزوہ بدر سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ اللہ تعالی پر مکمل بھروسہ کرنا چاہیے اور خلوص نیت کے ساتھ اللہ تعالی کے دین کا کام کرنا چاہیے۔

**پڑھائی کیجیے: صفحہ نمبر 38, 39**

| **الفاظ۔** | **معانی** |
|---|---|
| گوارا۔ | برداشت |
| معرکہ۔ | جنگ |
| مجاہدین | جہاد کرنے والے |
| غیبی مدد | خفیہ امداد |
| باطل | کفر جھوٹ |
| جہاد۔ | اللہ کی راہ میں لڑنا |

دستخط والدین: ____________________

تاریخ: ۱۷۔اگست۲۰۲۰ دن: پیر

ٹیوٹر لنک:https://youtu.be/_qF35QmuYDQ

**سبق: غزوہ بدر (مشق)**

**مختصر جواب دیں :**

**ا: غزوہ بدر کب اور کہاں پیش آیا؟**

**جواب:** مسلمان کفار مکہ کے مظالم سے تنگ آکر ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں امن و سکون کی زندگی بسر کرنے لگے کفار مکہ کو یہ بات گوارا نہ تھی کہ مسلمان امن سے

رہے لہذا انہوں نے مسلمانوں کو تنگ کرنے کے لیے مختلف سازشوں سے کام لیا اسی دوران اللہ تعالی نے مسلمانوں کو جہاد کی اجازت دے دی اور 17 رمضان المبارک 2 ہجری کو بدر کا معرکہ مقام بدر میں پیش آیا۔

جواب:

**ب: غزوہ بدر کی فوری وجہ کیا بنی؟**

جواب: غزوہ بدر کی فوری وجہ ابو سفیان کا تجارتی قافلہ بنا جو شام سے مال تجارت کے ساتھ واپس لوٹ رہا تھا جب یہ قافلہ مدینہ منورہ کے قریب پہنچا تو ابوسفیان کو خوف ہوا کہ کہیں مسلمان اس چلے کو لوٹ نہ لے اس لیے اس نے مدد کے لیے پیغام بھیجا اس پر ایک ہزار کا لشکر مدینہ منورہ کی طرف مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لیے روانہ ہو گیا ۔

جواب:

**ج : غزوہ بدر کے اسباب تحریر کریں۔**

جواب: کفار مکہ اسلام کے سب سے بڑے دشمن تھے انہوں نے مسلمانوں کو ظلم و ستم کا نشانہ بنایا جب مسلمان ہجرت کر کے مدینہ منورہ چلے گئے تو کفار مکہ مدینہ منورہ میں مسلمانوں کو خوش نہیں دیکھ سکتے تھے کفار مکہ کی معیشت کاروبار کا انحصار تجارت پر تھا تو کفار مکہ کو خطرہ لاحق ہو گیا کہ اگر مسلمان طا قت میں آ گئے تو وہ ان کی تجارت کو نقصان پہنچائیں گے کفار مکہ کے ایک سردار نے مدینہ منورہ کے قریب ایک چراگاہ پر حملہ کر کے مسلمانوں کے مویشی پکڑ لئے۔

جواب:

**د: غزوہ بدر کے کیا نتائج نکلے؟**

جواب: غزوہ بدر ہر حق و باطل کا معرکہ تھا جس میں حق کو کامیابی ملی اور باطل ناکام ہوا غزوہ بدر میں کفار مکہ کا غرور خاک میں مل گیا اور اس کے زوال کی ابتدا ہوئی غزوہ بدر میں کامیابی کے بعد اسلام تیزی سے پھیلنے لگا غزوہ بدر میں مسلمانوں کو کامیابی اللہ تعالی نے فرشتوں کے ذریعے۔

جواب:

**ہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے قیدیوں کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا؟**

جواب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نےبدر کے قیدیوں کے ساتھ عمدہ برتاؤ کیا ان میں سے بعض تو احسان کے طور پر چھوڑ دیا جو باقی بچے تھے ان کے متعلق یہ طے ہوا کہ وہ فدیہ دے کر آزادی حاصل کر لیں اور فدیہ نہیں دے سکتے وہ دس مسلمان بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دیں اور آزادی حاصل کر لیں۔

جواب:

---

---

تاریخ:۱۹-اگست۲۰۲۰
دن:بدھ

**درست جواب کے سامنے نشان لگائیں :**

**ا: غزوہ بدر کب ہوا؟**

ا: 17 رمضان المبارک 2 ہجری ب: یکم رمضان المبارک 2 ہجری

ج: 7 شوال تین ہجری د: 17 شوال 3 ہجری

**ب: کفار مکہ کی زیادہ تر تجارت کس ملک سے ہوتی تھی؟**

ا: عراق ب:۔ شام ج: فارس د: یمن

**ج: غزوہ بدر میں مسلمانوں کا لشکر کتنے افراد پر مشتمل تھا؟**

ا: 210- ب: 275 ج: 300 د : 313

**د: بدر کی لڑائی میں کتنے کافر مارے گئے؟**

ا: 14 ب:- 55 ج:- 70- د: 95

**ہ: دونوں عمر مجاہدوں معاذ اور معوذ رضی اللہ تعالی عنہ نے کس کو قتل کیا؟**

ا: ابوجہل ب: عتبہ ج: شیبہ د: ولید

**خالی جگہ پر کریں :**

مدینہ منورہ، مدینہ، مسلمانوں، حق ، 82

ا: مسلمان کفار مکہ کے مظالم سے تنگ آکر ہجرت کر کے __________"گئے۔

ب: کفار مکہ____________ کے خلاف سازشیں کر رہے تھے۔

ج: شام کی طرف جانے والا راستہ ___________کے قریب سے گزرتا تھا۔

د: مسلمانوں کے لشکر میں ____________مہاجرین تھے۔

ہ: فتح ہمیشہ __________ کی ہوتی ہے۔

**درست جملوں کے سامنے اور غلط کے سامنے نشان لگائیں۔**

ا: یہودیوں نے مسلمانوں کو ظلم و ستم کا نشانہ بنایا۔

ب: کفار کی معیشت کا انحصار کھیتی باڑی پر تھا۔

ج: غزوہ بدر میں کفار مکہ کا غرور خاک میں مل گیا۔

د: بدر کی لڑائی میں 14 مسلمان شہید ہوئے۔

ہ: مسلمانوں نے تمام قیدیوں کو احسان کے طور پر چھوڑ دیا۔

دستخط والدین: ______________

تاریخ: ۲۰-اگست۲۰۲۰
دن: جمعرات

**سبق: غزوہ بدر (جائزہ)**

**مختصر جواب دیں۔**

**ا: غزوہ بدر کی فوری وجہ کیا بنی؟**

جواب:

______________________________

______________________________

**ب: غزوہ بدر کے کیا نتائج نکلے؟**

جواب:

______________________________

______________________________

**ج: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے قیدیوں کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا؟**

جواب:

______________________________

**خالی جگہ پر کریں :**

ا: مسلمان کفار کے مظالم سے تنگ آکر ہجرت کرکے____________ گئے۔

ب: کفار مکہ ______________کے خلاف سا ز شیں کر رہے تھے۔

ج: شام کی طرف جانے والا راستہ___________ کے قریب سے گزرتا تھا۔

د: مسلمانوں کے لشکر میں __________ مہاجرین تھے۔

ہ: فتح ہمیشہ ___________ کی ہو تی ہے۔

دستخط والدین: ________________

تاریخ: ۲۶۔اگست۲۰۲۰ دن: بدھ

ٹیوٹر لنک:https://youtu.be/ofw87ONsQEA

**سبق: ہدایت کے سر چشمے ( حضرت عیسیٰ علیہ السلام)**

**تدریسی مقاصد:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی کے بارے میں بتانا ۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کے بارے میں بتانا۔

**مفہوم:** کسی قوم اور امت کے برگزیدہ لوگ عام لوگوں کے لیے ہدایت کے سر چشمے اور نمونے ہوتے ہیں اور عوام الناس ان کو اپنے لیے مثال بنا تے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے انبیاء کرام علیہ السلام کا سلسلہ شروع کیا۔ انبیاء کرام علیہم السلام کا یہ سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع ہوا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آ کر ختم ہو گیا۔

قر یبا ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام علیہم السلام انسانوں کی راہنمائی کے لیے بھیجے گئے۔ان انبیاء کرام علیہ السلام میں سے ایک نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔اپ علیہ السلام بنی اسرائیل کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام حضرت مریم علیہا السلام تھا۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے قوم کو اللہ تعالیٰ سے محبت،مخلوق سے ہمدردی اور خا لص تو حید کی دعوت دی۔حظرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے بے شمار معجزات عطا کیے تھے۔ حضرت عیسی علیہ السلام کو سولی پر چڑھا کر پھانسی دینا نا چاہتے تھے اللہ تعالی نے اپنی قدرت کاملہ سے آپ علیہ السلام کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا قیامت کے قریب جب دنیا جہالت اور کفر سے بھر جائے گی تو اللہ دوبارہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی کی حیثیت سے دنیا میں بھیجیں گے جو اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر کفر کا خاتمہ کریں۔

**پڑھائی کیجیۓ: صفحہ نمبر 78,79 ،80**

| الفاظ معانی | |
|---|---|
| بنی اسرائیل | مراد حضرت یعقوب علیہ السّلام کی اولاد |
| تبلیغ۔ | پہنچا نا |
| فر یب | دھو کا دہی |
| بغض | دشمنی |
| حسد | کسی کا زوال چا ہنا |
| حلال۔ | جا ہز ، درست |
| حرام | نا جا یز |
| عبور کرنا | پار کر نا |
| بغاوت۔ | سر کشی ،نا فرمانی |

دستخط والدین: ________________

تاریخ:۲۸۔اگست۲۰۲۰ دن: جمعہ

ٹیوٹر لنک:https://youtu.be/5vCcPRJRGGE

**سبق: حضرت عیسیٰ علیہ السلام ( مشق)**

**مختصر جواب دیں :**

**ا: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا کیا نام ہے؟**

جواب: حضرت عیسی علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام حضرت مریم علیہ سلام تھا۔

جواب:

---

---

**ب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالی نے کون کون سے معجزات عطا کیے ؟**

جواب: حضرت عیسی علیہ السلام کے پاس اندھوں کو لایا جاتا تو وہ دیکھنے کے قابل ہوجاتے کوڑ زدہ کو اللہ تعالی کے حکم سے شفایاب کر دیتے مردہ کو اللہ تعالی کے حکم سے زندہ کردیتے آپ علیہ السلام مٹی سے پرندہ بناتے اور اس میں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر پھونک مارتے تو وہ اڑنے لگتا۔

جواب:

---

---

**ج: کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ دنیا میں تشریف لائیں گے؟**

جواب: قیامت کے قریب جب دنیا جہالت اور کفر سے بھر جائے گی تو اللہ تعالی دوبارہ حضرت عیسی علیہ السلام کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی کی حیثیت سے دنیا میں بھیجیں گے جو اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر کفر کا خاتمہ کریں گے۔

جواب:

---

---

تاریخ: ۳۱-اگست ۲۰۲۰ دن:پیر

**درست جواب پر نشان لگائیں :**

**ا: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کن کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے؟**

ا: اہل عرب۔ ب:- اہل روم ج: اہل فارس د: بنی اسرائیل

**ب: کس نبی نے ماں کی گود میں کلام کیا؟**

ا: حضرت آدم علیہ السلام ب: حضرت ابراہیم علیہ السلام

ج: حضرت یوسف علیہ السلام د: حضرت عیسی علیہ السلام

**ج: حواری کا مطلب ہے۔**

ا: اللہ کا بندہ ب: جانے والا ج: دوست د: غلام

**د: اللہ تعالی نے زندہ آسمان پر اٹھا لیا۔**

ا: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ب: حضرت شعیب علیہ السلام کو

ج: حضرت زکریا علیہ السلام کو　　　　　　　　د: حضرت عیسی علیہ السلام ک

**خالی جگہ پر کریں :**

مریم،　　　چند سال،　　　مردوں،　　　حضرت عیسی علیہ السلام ،　
قتل

ا: حضرت عیسی علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام ________ تھا۔

ب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صرف___________ ہی دین کی تبلیغ کا موقع ملا۔

ج: بنی اسرائیل کے لوگ اپنی ہی قوم کے پیغمبروں کو___________ دیتے تھے۔

د: حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالی کے حکم سے __________کو زندہ کر دیتے تھے۔

ہ: یہودی __________کی مقبولیت سے گھبرا گئے۔

دستخط والدین: ________________